مختصر ترین وقت میں امتحان میں سو فیصد کامیابی کے لیے کثیر الانتخابی،
مختصر سوالات اور انشائیہ سوالات پر مشتمل

معروضی طرز (کثیر الانتخابی سوالات)

1. لفظ "بائیولوجی" کس زبان سے اخذ کیا گیا ہے؟
(A) انگریزی (B) یونانی (C) لاطینی (D) فرانسیسی

2. جینز کا مطالعہ اور ان کا کردار کہلاتا ہے:
(A) اناٹمی (B) ہسٹولوجی (C) فزیالوجی (D) جینیٹکس

3. رانا ٹگرانا سائنسی نام ہے:
(A) مینڈک (B) چھپکلی (C) مسٹرڈ پلانٹ (D) انسان

4. ان میں سے کون سا مائیکرو مالیکیول ہے؟
(A) پروٹین (B) سٹارچ (C) گلوکوز (D) لپڈز

5. کون سی بائیولوجی کی ڈویژن نہیں ہے؟
(A) زوولوجی (B) ہسٹولوجی (C) بوٹنی (D) مائیکروبائیولوجی

6. ان میں سے کون سا بائیوایلیمنٹ ہے؟
(A) ایلومینیم (B) کوبالٹ (C) برومین (D) کاربن

7. ایک آرگن کی مثال ہے:
(A) نیوران (B) الیکٹران (C) کاربن (D) معدہ

8. 10 ایلیمنٹس مل کر جسم کی کمیت کا کتنے فیصد بناتے ہیں؟
(A) 01% (B) 02% (C) 03% (D) 04%

9. جانداروں کے پروٹو پلازم میں آکسیجن کی مقدار کتنے فیصد ہیں؟
(A) 55% (B) 65% (C) 70% (D) 75%

10. گائے کی نسل کشی کا تعلق ہے:
(A) فارمنگ (B) اینیمل ہسبینڈری (C) بائیوٹیکنالوجی (D) ہورٹیکلچر

11. پروٹینز کی ڈائی جیشن اور خوراک کو ذخیرہ کرنے کے لیے مخصوص ہے:
(A) دل (B) دماغ (C) معدہ (D) گردہ

12. مشاہدات کی عارضی وضاحت کہلاتی ہے:
(A) ہائپوتھیسز (B) تجربات (C) ڈی ڈکشن (D) تھیوری

13. اطالوی لفظ "مالا" کا مطلب ہے۔
(A) برا (B) اچھا (C) ہوا (D) پانی

14. ارتقاء کی تھیوری کس نے پیش کی؟
(A) ڈارون (B) لیوران (C) لامارک (D) کنگ

15. مندرجہ ذیل میں سے کس کو ثبوتوں کا بہت سہارا ہوتا ہے؟
(A) تھیوری (B) لاء (C) ہائپوتھیسس (D) پرنسپل

16. مادہ مچھر کو اپنے انڈوں کی نمو کے لیے کس کی ضرورت ہوتی ہے؟
(A) سلائیوا (B) پانی (C) خون (D) یہ تمام

17. ملیریا کے علاج کے لیے مؤثر دوا ہے: [DGK-II-23]
(A) ڈسپرین (B) ایکٹی فائیڈ (C) کونین (D) تھیراگرام

18. ڈینگی بخار پھیلتا ہے:
(A) کیولکس مچھر (B) ایڈیز مچھر (C) اینوفلیز مچھر (D) پلازموڈیم

19. مشاہدات کو اعداد و شمار یعنی ڈیٹا کی صورت میں ترتیب دینا ہے:
(A) ہائپوتھیسس (B) ڈیڈکشنز (C) تجربات (D) شماریات

20. اگر ملیریا کی وجہ پلازموڈیم ہے تو پھر ملیریا میں مبتلا لوگوں کے خون میں کیا شامل ہونا چاہیے؟
(A) مچھر (B) پلازموڈیم (C) گندی ہوا (D) کونین

21. بائیولوجسٹس کس کو چیلنج کے طور پر لیتے ہیں؟
(A) ہائپوتھیسس (B) مشاہدات (C) تھیوری (D) لاء

22. مچھر کے کس حصہ میں پلازموڈیم اپنی مقدار بڑھاتے ہیں؟
(A) سلائیوری گلینڈز (B) انٹسٹائن (C) معدہ (D) منہ

23۔ سب سے بڑا ٹیکسون ہے:
(A) فیملی (B) آرڈر (C) کلاس (D) کنگڈم

24۔ پاکستان کا قومی پرندہ ہے:
(A) باز (B) چڑیا (C) کبوتر (D) چکور

25۔ سفیدہ کے درخت جہاں سے پاکستان میں درآمد کیے گئے تھے:
(A) آسٹریلیا (B) انڈیا (C) چین (D) امریکہ

26۔ کون سا جاندار کنگڈم پروٹسٹا میں شامل نہیں ہیں؟
(A) الجی (B) فنجائی (C) پروٹوزونز (D) فنجائی کی طرح کے

27۔ ہوبارہ بسٹرڈ کس موسم میں پاکستان میں ہجرت کر کے آتا ہے اور ٹھہرتا ہے؟
(A) گرمیوں میں (B) بہار میں (C) خزاں میں (D) سردیوں میں

28۔ یونی سیلولر یوکیریوٹس کا تعلق کون سے کنگڈم سے ہے؟
(A) فنجائی اور پلانٹی (B) فنجائی اور مونیرا (C) صرف پروٹسٹا (D) صرف فنجائی

29۔ ایک جینس گروپ ہے قریبی تعلق رکھنے والی:
(A) فیمیلز کا (B) کلاسز کا (C) سپی شیز کا (D) آرڈرز کا

30۔ بائیولوجی کی کس شاخ میں کلاسیفیکیشن اور ارتقائی تاریخ کا مطالعہ کیا جاتا ہے؟
(A) ٹیکسانومی (B) سسٹیمیٹک (C) جینیٹکس (D) ایکالوجی

31۔ کلاسیفیکیشن کے مطابق انسان کا "آرڈر" کیا ہے؟
(A) ممیلیا (B) پرائی میٹس (C) ہومی نائیڈی (D) ہومو

32۔ بائیوڈائیورسٹی سے مراد کسی سپی شیز کی ______ ہے۔
(A) تعداد (B) ورائٹی (C) پاپولیشن (D) کمیونیٹی

33۔ مشرومز اس کنگڈم سے تعلق رکھتی ہیں:
(A) پلانٹی (B) پروٹسٹا (C) فنجائی (D) مونیرا

34۔ کلوروپلاسٹ کا مائع کہلاتا ہے:
(A) سائٹوپلازم (B) سائٹوسول (C) سٹروما (D) نیوکلیوپلازم

35۔ مائٹوکانڈریا کی اندرونی ممبرین بہت سی اندرونی تہیں بناتی ہے، جنہیں کہتے ہیں:
(A) سٹروما (B) میٹرکس (C) کرسٹی (D) تھائیلاکوائڈز

36. پروکیریوٹس کی سیل وال ایک کیمیکل سے بنی ہوتی ہے جسے کہتے ہیں:
(A) لپڈز (B) کاٹن **(C)** پیپٹائیڈوگلائی کن (D) سیلولوز

37. سیل ممبرین کی لچک ____ کی وجہ سے ہوتی ہے:
(A) لپڈ (B) گلائسرین (C) پروٹین (D) وٹامن

38. ان میں سے کس کی سیل وال نہیں ہوتی؟
(A) فنجائی (B) الجی (C) پروکیریوٹس **(D)** پروٹوزوا

39. سیل میں توانائی پیدا کرنے کا بڑا مرکز ہے:
(A) نیوکلیئس (B) رائبوسومز (C) سیل ممبرین **(D)** مائٹوکانڈریا

40. ہڈی ایک مثال ہے:
(A) اپی تھیلیل ٹشو (B) نروس ٹشو **(C)** کنیکٹو ٹشو (D) مسل ٹشو

41. سیل ممبرین کی پروٹینز اور لپڈز کے ساتھ لگے ہوتے ہیں:
(A) کولیسٹرول **(B)** کاربوہائیڈریٹس (C) امائنو ایسڈز (D) فیٹس

42. سیلیا اور فلیجیلا کی ساخت کا بڑا حصہ ہوتے ہیں:
(A) ٹیوبیولن (B) ایکٹن (C) مائیوسین (D) ایڈینین

43. سیل ممبرین میں مائع پن کی وجہ ہے:
(A) پروٹین (B) وٹامن **(C)** لپڈز (D) گلیسرین

44. مائیکروفلامنٹس کس چیز کے بنے ہوئے ہیں؟
(A) ٹیوبیولن (B) ٹروپومائی سین (C) مائی یوسین **(D)** ایکٹن

45. سیل کی پروگرام کے مطابق موت کہلاتی ہے:
(A) ایپ اپٹوسس (B) نیکروسس (C) مائی ٹوسس (D) می اوسس

46. می اوسس پہلی بار دریافت ہوئی:
(A) 1829ء (B) 1849ء **(C)** 1876ء (D) 1929ء

47. ایک بالغ انسان میں سیل کی طے شدہ موت کو کہتے ہیں:
(A) ایپ اپٹوسس **(B)** نیکروسس (C) آسموسس (D) مائی ٹوسز

48. می اوسس کا طویل ترین مرحلہ ہوتا ہے۔
(A) میٹافیز I (B) اینافیز I (C) ٹیلوفیز I **(D)** پروفیز I

49. مائی ٹوسس صرف ان میں ہوتی ہے:
(A) جرم لائن سیلز (B) پروکیریوٹک سیلز **(C)** یوکیریوٹک سیلز (D) بیکٹیریل سیلز

50. تھامس ہنٹ مورگن نے کس میں کراسنگ اوور کا مشاہدہ کیا؟
(A) چمگادڑ (B) مچھر **(C)** فروٹ فلائی (D) چڑیا

51. گیمیٹس کو بنانے والے سیلز کو کہتے ہیں:
(A) سومیٹک سیلز (B) سپنڈلز فائبرز **(C)** جرم لائن سیلز (D) سائی نیپسس

52. پروفیز کا الٹ ہے:
(A) میٹافیز (B) اینافیز (C) انٹرفیز **(D)** ٹیلوفیز

53. می اوسس ہوتی ہے صرف ________ میں:
(A) ہیپلائیڈ سیل (B) ڈپلائیڈ سیل (C) ٹرپلائیڈ سیل (D) ٹیٹراپلائیڈ سیل

54. ایک ہی قسم کے جانداروں میں تغیرات کا ذریعہ ہے:
(A) مائی ٹوسس **(B)** می اوسس (C) بائنری فشن (D) یہ تمام

55. بڈنگ کا عمل پایا جاتا ہے:
(A) فرن میں (B) پیاز میں (C) کاکروچ **(D)** ہائیڈرا میں

56. لاک اینڈ کی ماڈل جس نے پیش کیا:
(A) ایمل فشر (B) ڈینیئل کوشلینڈ (C) رابرٹ براؤن (D) پاسچر

57. انسان کے انزائمز کے لیے آپٹیمم ٹمپریچر ہے:
(A) 37 K **(B)** $37^{o}C$ (C) $37^{o}F$ (D) یہ تمام

58. معدہ کے خلا میں کون سا اینزائم کام کرتا ہے؟
(A) پیپسن (B) ٹرپسن (C) ایمائلیز (D) لائی پیز

59. اینزائم کیمیائی طور پر ہوتے ہیں۔
(A) سیلولوز (B) گلوکوز (C) لپڈز **(D)** پروٹینز

60. پیپسن اینزائم کہاں کام کرتا ہے؟
(A) انٹسٹائن **(B)** معدہ (C) ایسوفیگس (D) منہ

61. مالیکیول جس پر انزائم عمل کرتا ہے، کہلاتا ہے:
(A) ایکٹوسائیٹ (B) کوفیکٹر (C) پراستھیٹک گروپ **(D)** سبسٹریٹ

62. کس نے پہلی مرتبہ اینزائم کی اصطلاح استعمال کی؟
(A) ابن نفیس (B) ایمل فشر **(C)** ون ہیلم کونے (D) لوئس پاسچر

63. وہ بائیوکیمیکل ایکشنز جس میں زیادہ مقدار میں کمپاؤنڈ تیار ہوں، کہلاتا ہے:
(A) میٹابولزم **(B)** اینابولزم (C) کیٹابولزم (D) ڈی کمپوزیشن

64. درج ذیل وٹامنز میں سے کون سا کو-اینزائم کے طور پر کام کرتا ہے؟
(A) وٹامن B (B) وٹامن D (C) وٹامن C **(D)** رائبوفلیون

65. ان میں سے، ان-آرگینک-کوفیکٹر ہے:
(A) فلیون (B) ہیم **(C)** میٹل آئن (D) یہ تمام

66. ساختی لحاظ سے اینزائمز بنے ہوتے ہیں:
(A) امائنو ایسڈز (B) منرلز (C) وٹامنز (D) فیٹس

67. تمام سیلز کے لیے انرجی کا بڑا ذریعہ ہے:
(A) DNA **(B)** ATP (C) RNA (D) ان میں سے کوئی نہیں

68. جس نے ڈارک ری ایکشنز کو دریافت کیا:
(A) میلون کیلون (B) کارل لومین (C) کوشلینڈ (D) ٹی-شوان

69. ATP میں موجود شوگر میں کاربن ایٹمز ہوتے ہیں:
(A) دو (B) تین (C) چار **(D)** پانچ

70. ایروبک ریسپریشن کہاں وقوع پذیر ہوتی ہے؟
(A) لائی سوسومز (B) سائٹوسکیلیٹن **(C)** مائی ٹوکانڈریا (D) پلاسٹڈز

71. کون سا میکرومالیکیول نہیں ہے؟
(A) پروٹین (B) DNA (C) RNA **(D)** پانی

72. 3-کاربن والے مالیکیول کی مثال ہے۔
(A) سٹارچ (B) رائبوز (C) گلوکوز **(D)** پائی روویک ایسڈ

73. جاندار انرجی کس عمل سے حاصل کرتے ہیں؟
(A) فوٹوسنتھیسز **(B)** ریسپریشن (C) ٹرانسپائریشن (D) ایویپوریشن

74. دو فاسفیٹس کو ملانے والے کوویلنٹ بانڈ کو علامت سے ظاہر کرتے ہیں:
(A) تناسب (B) پروپورشن (C) کولن **(D)** ٹلڈی

75. کون سا میٹابولک عمل میں مالیکیولز کی آکسیڈیشن کے ساتھ ساتھ ریڈکشن بھی ہوتی ہے؟
(A) فوٹوسنتھیسز **(B)** ریسپریشن (C) دونوں (D) کوئی نہیں

76. گلائکولائسز میں گلوکوز جس میں ٹوٹتا ہے:
(A) ایسٹک ایسڈ (B) امائنو ایسڈ (C) کاربونک ایسڈ **(D)** پائی روویک ایسڈ

77. کس عمل میں آکسیجن ایک بائی پروڈکٹ کے طور پر خارج ہوتی ہے؟
(A) فوٹوسنتھیسز (B) ریسپریشن

(C) فرمنٹیشن (D) ری پروڈکشن

78. بیماریوں کی ماں کہلاتی ہے:
(A) گوائیٹر (B) قبض (C) موٹاپا (D) میراسمس

79. انڈوں میں لپڈز کی فیصد مقدار ہے:
(A) 12% (B) 13% (C) 20% (D) 02%

80. پانی کی اوسموسس کے لیے ضروری ہے:
(A) آئرن (B) سلفر (C) کلورین (D) زنک

81. کونسا منرل ہڈیوں اور دانتوں کی ڈویلپمنٹ اور ان کی بقاء کے لیے ضروری ہے؟
(A) پوٹاشیم (B) سوڈیم (C) آئیوڈین (D) کیلشیم

82. مندرجہ ذیل میں سے کون عضو نظام انہضام کا حصہ ہے:
(A) پھیپھڑے (B) اورل کیویٹی (C) گردے (D) دل

83. آئیوڈین کی کمی کی وجہ سے کون سی بیماری لاحق ہوتی ہے؟
(A) سکروی (B) رکٹس (C) کریٹی نیزم (D) گوائٹر

84. سکروی کی بیماری کس کی کمی سے ہوتی ہے؟
(A) وائٹامن بی (B) وائٹامن اے (C) وائٹامن ڈی (D) وائٹامن سی

85. سورج مکھی کے تیل میں ان سچوریٹڈ فیٹی ایسڈز تقریباً ہوتے ہیں:
(A) 70% فیصد (B) 75% فیصد (C) 80% فیصد (D) 85% فیصد

86. ATP، نیوکلیک ایسڈز اور کوانیزائمز کا لازمی جزو ہے:
(A) پوٹاشیم (B) میگنیشیم (C) فاسفورس (D) آئرن

87. وہ حالت جس میں کسی شخص کو سخت فضلہ محسوس ہو اور اس کا اخراج مشکل ہو کہلاتا ہے۔
(A) قبض (B) السر (C) ہیضہ (D) معدہ میں درد

88. انسانی غذا میں اِن سولیوبل ڈائٹری فائبرز کی مثال ہے:
(A) جئی (B) جَو (C) چھلیاں (D) گندم کی بھوسی

89. پودے کی سطح سے پانی کا اخراج کہلاتا ہے:
(A) گٹیشن (B) ٹرانسپائریشن (C) ٹرانسلوکیشن (D) ٹرگر

90. خون کی وہ نالیاں جو خون کو دل کی طرف لاتی ہیں، کہلاتی ہیں:
(A) وینز (B) آرٹریز (C) کیپلریز (D) زائیلم

91. انسانی خون کی نارمل pH ہوتی ہے:
(A) 6.8 (B) 7.0 (C) 7.2 (D) 7.4

92. کون سی متعدی بیماری نہیں ہے؟
(A) ایڈز (B) ملیریا (C) ہیپاٹائٹس (D) کینسر

93. انجائنا پیکٹورس کا مطلب ہے:
(A) ہڈی کا درد (B) سینے کا درد (C) جوڑوں کا درد (D) یہ تمام

94. جب خون میں سے بلڈ سیلز کو علیحدہ کر لیا جائے تو باقی بچتا ہے:
(A) پلازما (B) سیرم (C) پروٹین (D) پانی

95. پودوں میں خوراک کی ٹرانسپورٹ کا ذمہ دار ہے:
(A) اینڈوڈرمس (B) پیری سائیکل (C) زائیلم (D) فلوئم

96. مائیوکارڈیل انفارکشن کے علاج کا طریقہ ہے:
(A) انجیو پلاسٹی (B) ڈایالسز (C) ریڈیوتھراپی (D) ان میں سے کوئی نہیں

97. مندرجہ ذیل میں کونسی لیوکوسائٹس کی قسم ہے:
(A) لمفوسائٹ (B) ای اوسینوفل (C) مونوسائٹ (D) یہ تمام

98. وہ نالیاں جو جگر کو خون پہنچاتی ہیں:
(A) رینل آرٹری (B) میمورل آرٹری (C) ہیپٹک آرٹری (D) کورونری آرٹری

99. ٹرانسپائریشن کی رفتار کا انحصار ہوتا ہے:
(A) پتے کی سطح پر (B) پانی کی مقدار پر (C) ٹمپریچر پر (D) یہ تمام

100. کون سے سیلز پلیٹ لیٹ سیلز نہیں ہیں؟
(A) تھرمبوسائٹس (B) اریتھروسائٹس (C) لیوکوسائٹس (D) لمفوسائٹس

انشائی طرز (حصہ اول)

1. ہورٹیکلچر کی تعریف کیجیے۔ ☆29
2. سپی شیز اور ہیبی ٹیٹ کی تعریف کریں۔
3. یونی سیلولر آرگنزمز کیا ہیں؟
4. آرگنائزیشن کے درجے ترتیب سے لکھئے۔
5. جانوروں کا آرگن سسٹم لیول پودوں کی نسبت زیادہ پیچیدہ ہوتا ہے، کیوں؟
6. چھ اہم بائیو ایلیمنٹس کے نام لکھئے۔
7. کولونیل آرگنائزیشن کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔
8. سرجری کے چند استعمالات لکھیے۔
9. فزیالوجی اور مورفولوجی میں فرق واضح کیجیے۔
10. ہورٹیکلچر انسان کے لیے کیسے فائدہ مند ہے؟
11. جواز پیش کریں کہ والووکس میں کولونیل آرگنائزیشن ہوتی ہے۔
12. بائیوانفورمیٹکس کی تعریف کیجیے۔
13. نتائج کی رپورٹنگ سے کیا مراد ہے؟
14. سائنٹفک لاء کی مثال کے ساتھ تعریف کیجیے۔
15. ہائپوتھیسس کے دو خواص لکھئے۔
16. بائیولوجیکل میتھڈ نے بائیو میں کیا کردار ادا کیا ہے؟
17. اے۔ ایف۔ اے کنگ کے دو مشاہدات لکھیے۔
18. ڈیڈکشن'' کے لیے استعمال ہونے والے دو الفاظ لکھیں۔
19. ڈیڈکشن اور تھیوری میں فرق لکھیے۔
20. لاء سے کیا مراد ہے؟ سائنٹفک لاء کیا ہے؟
21. وجہ بتائیں کہ تھیوری کیسے لاء بن جاتی ہے؟
22. سنکونا کی چھال کی کیا اہمیت ہے؟
23. بائیوڈائیورسٹی کیا ہے؟
24. سپی شیز کی تعریف کیجیے۔
25. کلاسیفیکیشن کی بنیاد کیا ہے؟
26. کنگڈم اینیمیلیا کے بڑے خواص لکھئے۔
27. کنگڈم مونیرا کی کوئی دو خصوصیات لکھئے۔
28. ایکوسسٹم میں بائیوڈائیورسٹی کا کردار لکھیں۔
29. کارلس لینیس کا بائیولوجی میں کردار تحریر کیجیے۔
30. آٹوٹرافس اور ہیٹروٹرافس میں فرق لکھئے۔
31. فلورا اور فانا میں فرق کریں۔
32. جنگلات بائیوسفیر میں کیسے توازن قائم رکھتے ہیں؟
33. کنگڈم پلانٹی آٹوٹرافس میں کیوں شامل ہیں؟
34. ڈیفیوژن اور فسیلیٹیڈ ڈیفیوژن کی تعریف کریں۔
35. پلازموڈیزمیٹا کی تعریف بیان کریں۔
36. فلوئڈ موزیک ماڈل کیا ہے؟ وضاحت کیجیے۔
37. پرائمری اور سیکنڈری سیل وال میں فرق بیان کریں۔
38. سیل وال سے کیا مراد ہے؟ یہ کن جانداروں میں ہوتی ہے؟
39. سموتھ اینڈو پلازمک ریٹی کولم کے کوئی سے دو افعال لکھیے۔
40. گارڈ سیل کا کام بیان کریں۔
41. لائسوسومز کو کس نے دریافت کیا اور کیا کام ہے؟
42. مائٹوکانڈریا اور رائبوسومز کے کام میں فرق لکھئے۔

43. کیوبائڈل اور کالمنر اپی تھیلیم کی وضاحت کیجئے۔
44. رابرٹ ہک نے سیلز کیسے دریافت کیے؟
45. سیل سائیکل کی تعریف کریں۔اس کی دو بڑی فیز کے نام لکھیں۔
46. کیازمیٹا کی تعریف کریں۔
47. ٹیٹراڈ سے کیا مراد ہے؟
48. کروموسومز اور کروماٹن میں فرق بتائیں۔
49. سومیٹک سیلز اور جرم لائن سیلز میں کیا فرق ہے؟
50. نیکروسس میں لائسوسومز کا کیا کردار ہے؟
51. کراسنگ اوور عمل میں کیازمیٹا کا فعل لکھیے۔
52. سیل کی تقسیم میں سینٹروسومز کا کام تحریر کیجئے۔
53. ری جنریشن میں مائی ٹوسس کا کردار لکھیے۔
54. ڈپلائیڈ اور ہپلائیڈ سیلز میں فرق کریں۔
55. بلیبز کس طرح ایپ اپٹوٹک باڈیز سے مختلف ہیں؟
56. دو اہم وٹامنز کے نام لکھیں جو کو۔انزائم کے طور پر کام کرتے ہیں۔
57. اینزائمز کی ڈی نیچریشن کی تعریف کیجئے۔
58. بائیولوجیکل ڈیٹرجنٹ کی تعریف کیجئے۔
59. اینابولزم اور کیٹابولزم میں فرق کیجئے۔
60. انڈیوسڈ فٹ ماڈل بیان کیجیے۔
61. خوراک کی صنعت میں انزائمز کا استعمال لکھئے۔
62. انٹرا سیلولر اور ایکسٹرا سیلولر اینزائم کی مثال دیجئے۔
63. میٹابولزم کا تصور کس نے دیا؟ میٹابولزم کی تعریف بھی کیجئے۔
64. کو۔فیکٹرز اور کو۔اینزائم سے کیا مراد ہے؟
65. کیا تمام بائیوکیٹالسٹس پروٹین ہوتے ہیں؟ واضح کیجئے۔
66. آپٹیمم pH کی تعریف کریں۔
67. پگمنٹس کی تعریف کریں؟
68. فوٹولائسز کی تعریف کیجئے۔
69. کریبز سائیکل کسے کہتے ہیں؟
70. فرمینٹیشن کی دو اقسام لکھیں۔
71. فوٹوسنتھی سز کے دوران کون سی پراڈکٹس بنتی ہیں؟
72. ATP کا مالیکیولر سٹرکچر بنائیں؟
73. لائٹ ری ایکشنز کے دو مراحل لکھیے۔
74. فوٹوسنتھی سز اور ریسپریشن میں فرق بیان کیجئے۔
75. ریسپریشن کے دوران پیدا ہونے والے دو مرکبات کے نام لکھئے۔
76. کریبز سائیکل میں کون سا کمپاؤنڈ داخل ہوتا ہے؟
77. کیلون کو کیوں اور کب نوبل پرائز دیا گیا تھا؟
78. فرٹیلائزر کیا ہیں؟ فرٹیلائزر کی اقسام کے نام لکھئے۔
79. پیری سٹالسس کی تعریف کیجئے۔
80. سیچوریٹڈ فیٹی ایسڈز کی تعریف کریں۔
81. پیپسن اور پیپسینو جن میں کیا فرق ہے۔
82. میجر منرلز اور ٹریس منرلز کے درمیان فرق لکھیں۔
83. پودوں میں نائٹروجن کا کردار تحریر کیجئے۔
84. کیفین کے استعمال کے دو نقصانات لکھیے۔
85. میکرونیوٹرینٹس اور مائیکرونیوٹرینٹس کی تعریف لکھئے۔
86. انسان میں پوٹاشیم اور کیلشیم کا کردار لکھئے۔
87. سیچوریٹڈ فیٹی ایسڈز دل کی بیماریوں کا کس طرح سبب بنتے ہیں؟
88. قبض کی بڑی وجوہات بیان کریں۔
89. سٹومیٹل ٹرانسپائریشن کی تعریف کیجئے۔
90. مائیوکارڈیل انفارکشن کی تعریف کیجئے۔
91. بلڈ پلازما میں موجود دو پروٹینز کے نام لکھئے۔
92. پریشر۔فلو میکانزم سے کیا مراد ہے؟
93. کوہیون اور ایڈہیون میں فرق لکھئے۔
94. سٹومیٹا کے کھلنے اور بند ہونے کا انحصار کس بات پر ہے؟
95. ریڈ بلڈ سیلز کی ساخت لکھیے۔
96. ٹرانسپائریشن کی رفتار پر ہوا میں نمی کا کیا اثر ہوتا ہے؟
97. ڈینگی بخار کی حفاظتی تدابیر کیا ہیں؟ کوئی دو تحریر کیجیے۔
98. بائی کسپڈ والو اور ٹرائی کسپڈ والو میں فرق واضح کیجئے۔
99. پلازما کو خون سے کیسے الگ کیا جاتا ہے؟
100. پودے میں جڑ کا فعل تحریر کیجئے۔

انشائی طرز (حصہ دوم)

1- بائیولوجی کا سائنس کی دوسری پانچ شاخوں کے ساتھ تعلق کی وضاحت کیجیے۔
2- اینڈوسائٹوسس پر نوٹ لکھئے۔اپنے جواب کی لیبل شدہ شکل سے وضاحت کیجیے۔
3- اصطلاح ناپید (extinct) کی تعریف کیجیے۔پاکستان میں اینڈ یجرڈ سپی شیز کی وضاحت کیجیے۔
4- الیکٹران ٹرانسپورٹ چین پر وضاحتی نوٹ لکھیے۔
5- چھوٹی آنت کے اندر خوراک کی ڈائی جیسشن کی وضاحت کیجیے۔
6- وائٹ بلڈ سیلز کی ترکیب اور افعال کی وضاحت کیجیے۔
7- بائیولوجی کی تعریف کیجئے اور بائیولوجی کی تین بڑی ڈویژن کی وضاحت کیجئے۔
8- گالجی آپریٹس اور لائسوسوم پر نوٹ لکھئے۔
9- جا اینڈ یجرڈ سپی شیز کی تعریف کیجئے اور پاکستان میں پائے جانے والی تین اینڈ یجرڈ سپی شیز پر بحث کیجئے۔
10- ایروبک اور این ایروبک ریسپریشن پر نوٹ لکھئے۔
11- سمال انٹسٹائن میں مکمل ڈائی جیسشن بیان کیجئے۔
12- بلڈ پلازما پر ایک تفصیلی نوٹ تحریر کیجئے۔
13- جانداروں کی تنظیم کے درجات میں آرگن اور آرگن سسٹم لیول کی وضاحت کیجئے۔
14- سیل وال کی ساخت کی وضاحت کیجئے۔
15- جنگلات کی کٹائی کی تعریف کیجئے۔جنگلات کے خاتمہ کی وجوہات اور اثرات کی وضاحت کیجئے۔
16- شکل بنا کر آکسیڈیشن۔ریڈکشن ری ایکشنز کی وضاحت کیجئے۔
17- کوئی سے پانچ بائیولوجی سے منسلک پیشوں کی وضاحت کیجئے۔
18- مائٹوکانڈریا کی شکل بنائیے۔لیبل کیجئے اور اس کے افعال تحریر کیجئے۔
19- اینڈ یجرڈ سپی شیز کیا ہیں؟ پاکستان میں اینڈ یجرڈ سپی شیز کے بارے میں تحریر کیجئے۔
20- ریسپریشن کے انرجی بجٹ پر ایک نوٹ تحریر کیجئے۔
21- لارج انٹسٹائن میں ڈائی جیشن پر نوٹ لکھئے۔
22- پودوں میں پانی کی ٹرانسپورٹ پر نوٹ لکھئے۔

☆☆☆